ہندوستان سے باہر پہلا IIT کیمپس تنزانیہ کے زنجبار میں قائم

06جولائی 2023

ہندوستان سے باہر قائم ہونے والا پہلا IIT کیمپس تنزانیہ کے زنجبار میں ہوگا۔ زنجبار کے صدر ڈاکٹر حسین علی موینی اور ہندوستان کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کی موجودگی میں، زنجبار تنزانیہ میں آئی ٹی مدراس کے کیمپس کے قیام کے لیے ایک مفاہمت کی یادداشت پر حکومت ہند کی وزارت تعلیم، IIT مدراس اور زنجبار-تنزانیہ کی وزارت تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت (MoEVT) کے درمیان 5 جولائی 2023 کو قرارداد مفاہمت پر دستخط کئے گئے۔

یہ کیمپس ہندوستان اور تنزانیہ کے درمیان دیرینہ دوستی کی عکاسی کرتا ہے اور اس بات کی یاددہانی کرتا ہے کہ ہندوستان پورے افریقہ اور گلوبل ساؤتھ میں لوگوں کے درمیان تعلقات استوار کرنے پر مرتکز ہے۔

تنزانیہ میں ہندوستان کے ہائی کمشنر جناب بنے شری کانت پردھان، پروفیسر رگھوناتھن رنگاسوامی، ڈین (گلوبل انگیجمنٹ)، آئی ٹی مدراس اور جناب خالد مسعود وزیر، قائم مقام پرنسپل سکریٹری، MoEVT تنزانیہ، نے بالترتیب حکومت ہند، IIT مدراس اور MoEVT زنجبار- تنزانیہ کی جانب سے قرارداد مفاہمت پر دستخط کیے۔

قومی تعلیمی پالیسی (NEP) 2020 انٹرنیشنلائزیشن پر توجہ مرکوز کرتی ہے اور تجویز کرتی ہے کہ "اعلیٰ کارکردگی دکھانے والی ہندوستانی یونیورسٹیوں کی دوسرے ممالک میں کیمپس قائم کرنے کے لیے حوصلہ افزائی کی جائے گی"۔

تنزانیہ اور ہندوستان کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری کو تسلیم کرتے ہوئے، تعلیمی شراکت داری کے تعلقات کو اس دستاویز پر دستخط کرکے رسمی شکل دی گئی ہے جو فریقین کو زنجبار تنزانیہ میں IIT مدراس کے مجوزہ کیمپس کے قیام کی تفصیل کے لیے فریم ورک فراہم کرتا ہے۔ اکتوبر 2023 سے پروگرام شروع ہوں گے۔

یہ منفرد شراکت داری آئی آئی ٹی ایم (IITM) کی اعلیٰ درجے کی تعلیمی مہارت کو افریقہ میں ایک اہم مقام تک لے جائے گی اور خطے کی ناگزیر موجودہ ضروریات کو پورا کرے گی۔ تعلیمی پروگرام، نصاب، طالب علم کے انتخاب کے پہلو اور تدریسی تفصیلات IIT مدراس کی طرف سے ہوں گے، جبکہ سرمایہ اور آپریٹنگ اخراجات زنجبار-تنزانیہ کی حکومت کے ذریعے پورے کیے جائیں گے۔ اس کیمپس میں داخلہ لینے والے طلباء کو IIT مدراس کی ڈگریاں دی جائیں گی۔ توقع کی جاتی ہے کہ جدید ترین بین مضامین ڈگریوں سے متنوع گروہ کو راغب کیا جائے گا اور اس میں افریقہ اور دیگر ممالک کے طلباء بھی شامل ہوں گے۔ ہندوستانی طلباء بھی ان پروگراموں میں درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔

آئی آئی ٹی کیمپس کے قیام سے عالمی سطح پر ہندوستان کی ساکھ اور اس کے سفارتی تعلقات میں بھی اضافہ ہوگا اور آئی آئی ٹی مدراس کے بین الاقوامی نقش کو وسعت ملے گی۔ بین الاقوامی کیمپس سے طلباء اور فیکلٹی کے تنوع کی وجہ سے اس سے IIT مدراس کی تعلیم اور تحقیق کے معیار کو مزید بڑھانے کا بھی امکان ہے۔ یہ دنیا بھر میں دیگر اعلیٰ درجہ کے تعلیمی اداروں کے ساتھ تحقیقی تعاون کو مزید گہرا کرنے میں مدد فراہم کرے گا۔

زنجبار- تنزانیہ میں آئی آئی ٹی کیمپس کا تصور ایک عالمی معیار کے اعلیٰ تعلیم اور تحقیقی ادارے کے طور پر کیا گیا ہے جس کا ایک وسیع تر مشن ابھرتی ہوئی عالمی ضروریات کے جواب میں قابلیت پیدا کرنا، اقوام کے درمیان تعلقات کو گہرا کرنا، اور خطے میں تحقیق اور اختراع کی حمایت کرنا ہے۔ یہ دنیا کے سامنے ہندوستانی اعلیٰ تعلیم اور اختراع کی صفات کی ایک مثال قائم کرے گا۔

نئی دہلی
06 2023 جولائی